SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

*For immediate Release*

**June 14, 2016**

ایس ای سی پی نے غیر بینکاری مالیاتی کمپنیوں کے قواعد وضوابط میں ترامیم کردیں

اسلام آباد(۱۴جون)سیکورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مائیکروفنانس انسٹی ٹیوشن کو غیر بینکاری مائیکروں فنانس کمپنیوں میں تبدیل کرنے کے طریقہ کار کو آسان بنانے اوران کے کاروبار کو سہل بنانے کے پیش نظر، غیر بینکاری فنانس کمپنیوں (قیام اور ضوابط) کے قواعد ۲۰۰۳ءاور غیر بینکاری مالیاتی کمپنیوں کے ریگولیشن 2008 میں ترامیم کردیں ہیں۔

مائیکروفنانس انسٹی ٹیوشن کی غیر بینکاری مائیکروفنانس کمپنیوں میں آسانی سے تبدیلی اوران کے کاروبار اور کام کو سہل بنانے کے لئے، غیر بینکاری مائیکروفنانس کمپنیوں کی کراس ڈائریکٹر شپ کی شرائط میں ایک مخصوص مدت تک کے لئے نرمی کردی گئی ہے اور ڈائریکٹرز کی اہلیت کے لئے طے شدہ معیار میں معیشت، سوشل سیکٹر، ڈویلپمنٹ سیکٹر، مائیکروفنانس سیکٹر کو بھی شامل کرلیا گیا ہے۔اسی طرح، سٹیٹ بینک سے سی آئی بی رپورٹ کے حصول اور مائیکروفنانس سے متعلقہ اثاثوں میں کم سے کم سرمایہ کاری کی سے متعلقہ شقیں بھی تجویز کی گئی ہیں۔ان ترامیم کا نوٹیفیکیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مہیا کردیا گیا ہے۔

مزیدازاں، مائیکروفنانس انسٹی ٹیوشن کی خصوصی حیثیت کو دیکھتے ہوئے، ایس ای سی پی نے غیر بینکاری مائیکروفنانس کمپنیوں، جن کے مائیکروفنانس اثاثہ جات کل اثاثہ جات کے تیس فیصد سے کم ہوں گے، کے لئے بعض شرائط سے استشناء دیا گیا ہے۔


**Media and Corporate Communications Department**

Securities and Exchange Commission of Pakistan

NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan

Cell: +92 300-9882237

Email: sajid.gondal@secp.gov.pk

www.secp.gov.pk